**24.02.2026**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں .................. اسلم بیگ

**Music**

-------------------------------

☆ سپریم کورٹ نے مغربی بنگال میں خصوصی تفصیلی نظرثانی کے تحت دعوؤں کی تصدیق کیلئے جھارکھنڈ اور اُڈیشہ کے عدالتی افسران کو تعینات کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

☆ اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے خامیوں سے پاک چناؤ فہرستوں پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ جمہوریت کی مضبوط بنیاد ہیں۔

☆ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے کہا ہے کہ سیاحت، ہلکی پھلکی سفارت کا ایک طاقتور آلۂ کار اور بھارت-امریکہ اقتصادی راہ داری کا ایک بنیادی ستون ہے۔ انہوں نے نئی دلّی میں سیاحتی قیادت سے متعلق سمٹ 2026 کا افتتاح کیا۔

☆ SBI کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امید ہے کہ رواں مالی سال کی تیسری سہ ماہی میں، ملک کی GDP کی شرحِ ترقی، مضبوط گھریلو مانگ کے دوران 8 اعشاریہ ایک فیصد رہے گی۔

☆ اور ICC مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج شام سری لنکا میں گروپ-2 کے سُپر-Eight کے ایک میچ میں انگلینڈ کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**SC- WB SIR**

سپریم کورٹ نے کلکتہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کو اِس بات کی اجازت دے دی ہے کہ وہ پڑوسی ریاستوں جھارکھنڈ اور اُڈیشہ کے سول جج اور عدالتی افسران کو مغربی بنگال میں چناؤ فہرستوں کے، خصوصی تفصیلی نظرثانی کے عمل کے تحت، 80 لاکھ دعوؤں اور اعتراضات سے نمٹنے کیلئے تعینات کریں۔

چیف جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی میں ایک بینچ نے کلکتہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی طرف سے بھیجے گئے ایک خط پر غور کرتے ہوئے کہا کہ 250 ضلع جج کو، اِس کام کو پورا کرنے کیلئے 80 دن درکار ہوں گے، تاکہ توثیق کا عمل مکمل کیا جاسکے۔

وقت کی مجبوری کو سمجھتے ہوئے سپریم کورٹ نے اضافی سول جج کو تعینات کرنے کی اجازت دی ہے اور کلکتہ ہائی کورٹ سے کہا ہے کہ وہ جھارکھنڈ اور اُڈیشہ کے اِسی رتبے کے عدالتی افسران کو تعینات کریں۔

عدالت نے کہا کہ اہل ووٹروں کو، جن کی شناخت اِس عمل کے ذریعے کرلی گئی ہو، انہیں ضمنی چناؤ فہرستوں میں شامل کیا جاسکتا

ہے، جو حتمی فہرست کا حصہ ہوں گے۔×

**ECI Round Table Conference**

اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے آج کہا ہے کہ خامیوں سے پاک چناؤ فہرستیں کسی بھی جمہوریت کیلئے سب سے مضبوط بنیاد ہیں۔ اُنہوں نے یہ بات نئی دِلی میں آج بھارت کے انتخابی کمیشن اور ریاستی انتخابی کمشنروں کی ایک قومی گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی SIR کے بارے میں جناب کمار نے کہا کہ سبھی اہل ووٹروں کو، چناؤ فہرست میں شامل ہونا چاہیئے، جبکہ سبھی غیر اہل لوگوں کو اِن چناؤ فہرستوں سے نکال دیا جانا چاہیئے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ SIR کا عمل بہار میں شروع ہوا تھا اور یہ بغیر کسی رکاوٹ کے مکمل ہوا۔ اُنہوں نے کہا کہ چناؤ فہرستوں کو خامیوں سے پاک کرنے کے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ اِنہیں ووٹروں کیلئے آسانی سے دستیاب کرایا جائے۔×

**PM Modi Visit - Israel**

وزیر اعظم نریندر مودی کل سے اسرائیل کے دو روزہ سرکاری دورے پر جائیں گے۔ وہ تل ابیب میں اسرائیل کے اپنے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو سے وسیع بات چیت کریں گے۔

بعد میں، یروشلم بہت سے پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ اسرائیل میں بھارت کے سفیر جے پی سنگھ نے وزیر اعظم کے اسرائیل کے دورے کو تاریخی قرار دیا ہے۔

یروشلم میں ہمارے نمائندے سے بات کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت اور اسرائیل کا موقف دہشت گردی کی معاملے پر یکساں ہے۔

یروشلم میں موجود ہمارے نامہ نگار دھیرج کاکڑیہ نے یہ تفصیلات بھیجی ہیں۔

**VC - Dheeraj Kakadia**

تل ابیب پہنچنے کے فوری بعد وزیراعظم نریندر مودی اپنے اسرائیلی ہم منصب بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ نجی ملاقات کریں گے۔ وزیراعظم کے دیگر سبھی پروگرام یروشلم میں ہی منعقد کئے جائیں گے۔ پہلے دن کے اپنے اہم پروگرام کے تحت وہ اسرائیلی پارلیمنٹ Knesset سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم مودی، اسرائیلی پارلیمنٹ سے خطاب کرنے والے پہلے بھارتی رہنما ہوں گے۔ اِس کے علاوہ وزیراعظم مودی ایک کمیونٹی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔ امید ہے کہ وہ اسرائیل میں سکونت پذیر بھارت نژاد افراد سے بات چیت کریں گے۔ اِس کے علاوہ وزیراعظم مودی کا تکنیکی نمائش میں شرکت کرنے کا بھی پروگرام ہے۔ اُن کے دورے کے دوسرے دن کا آغاز ہولو کاسٹ یادگار Yad Vashem کے دورے سے ہوگا۔

اِس کے بعد وزیراعظم مودی، اسرائیل کے صدر اسحاق Herzoq سے ملاقات کیلئے روانہ ہوں گے۔ صدر کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کے بعد وزیراعظم، اسرائیلی وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ ملاقات کریں گے۔ دونوں رہنما، اقرارناموں کو حتمی شکل دیں گے اور یہ اقرار نامے ایک دوسرے کو سونپیں گے۔ اِس کے بعد وزیراعظم کا تل ابیب سے بھارت روانگی کا پروگرام ہے۔

تل ابیب سے دھیرج کاکڑیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

**PM Netherlands PM**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نیدرلینڈس کے وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے پر **Rob Jetten** کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت اور نیدرلینڈس کے مختلف شعبوں میں وسیع تعلقات ہیں۔ وزیر اعظم نے نیدرلینڈس کے اپنے ہم منصب کے ساتھ کام کرنے کی خواہش کا بھی اظہار کیا، تاکہ دونوں ملکوں اور عوام کے درمیان بڑھتے ہوئے روابط کو مزید بڑھایا جا سکے۔×

**Rev VP Tourism Summit**

نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھاکرشنن نے آج نئی دِلی میں امریکہ-بھارت اہم ساجھیداری فورم کی جانب سے منعقدہ ٹورزم لیڈر شپ سمٹ **2026** کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب رادھاکرشنن نے کہا کہ سیاحت، صنعت سے کہیں زیادہ اہم ہے اور یہ ثقافتوں کے مابین پُل کا کام انجام دیتی ہے اور معاشی موقعوں کا محرک ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ سیاحت، **Soft Diplomacy** کا طاقتور وسیلہ ہے اور بھارت-امریکہ اقتصادی راہداری کا کلیدی ستون ہے۔ نائب صدر نے کہاکہ سیاح، تجربے، معتبر حالات، پائیداری، ثقافت، وراثت اور اچھے حالات اور بامعنی رابطوں کے خواہاں ہوتے ہیں۔

**1400 VP Tourism Summit**

**Delhi Police Chib**

دِلی کی ایک عدالت نے نئی دِلی کے بھارت منڈپم میں منعقدہ **India AI Impact Summit-2026** کے دوران احتجاج کے معاملے میں بھارتی یوتھ کانگریس کے صدر اُدے بھانو چِب کو چار دن کی پولیس تحویل میں بھیج دیا ہے۔ افسران کے مطابق چِب، **AI Impact Summit** کے مقام پر غیرقانونی طور سے جمع ہونے کے معاملے کا کلیدی سازشی اور سرغنہ ہے اور مبینہ طور پر ملک مخالف نعرے بازیوں میں شامل ہے۔ دِلی پولیس نے الزام لگایا کہ چِب نے شریک ملزم شری کرشنا ہری، کُندن یادو، نرسمہا یادو اور اجے کمار یادو کے ساتھ سازش کرتے ہوئے ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران پر حملہ کیا اور تحقیقات میں رکاوٹ ڈالی۔

پولیس نے مزید کہاکہ اِس معاملے میں جانچ جاری ہے اور مزید پوچھ تاچھ اور جانچ کیلئے چِب کی کسٹڈی ضروری ہے۔ چِب کو بھارتیہ نیائے سہیتا، **BNS** کی مختلف دفعات کے تحت گرفتار کیا گیا تھا۔ ×

**BJP IYC President Arrest**

**BJP** کے ترجمان شہزاد پونا والا نے نئی دِلی میں منعقدہ **AI Impact Summit** کے دوران احتجاج کے معاملے میں بھارتی یوتھ کانگریس کے صدر اُدے بھانو چِب کی گرفتاری پر کانگریس پر تنقید کی ہے۔ جناب شہزاد پونا والا نے کہاکہ کانگریس کی اِس حرکت کی اُس کے اپنے لیڈروں اور اتحادیوں نے بھی حمایت نہیں کی۔ نئی دِلی میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب پونا والا نے الزام لگایا کہ بھارت منڈپم میں جو ہوا، وہ گہری سازش تھی اور راہل گاندھی سمیت سینئر کانگریسی لیڈر اِس سازش کا حصہ تھے۔

**S/B: Shahzad Poonawalla**

**SBI Research Report**

اندازہ ہے کہ ملک کی معیشت رواں مالی سال کی تیسری سہ ماہی کے دوران، 8 اعشاریہ ایک فیصد کی شرحِ ترقی حاصل کرے گی۔ یہ بات اسٹیٹ بینک آف انڈیا نے آج جاری کی گئی اپنی ایک تحقیقی رپورٹ میں کہی ہے۔
رپورٹ کے مطابق، عندیوں سے پتہ چلتا ہے کہ 31 دسمبر 2025 کو ختم سہ ماہی میں اقتصادی سرگرمی مستحکم رہی۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ معیشت میں، عالمی مشکلات کے باوجود شرحِ ترقی کی رفتار برقرار رکھی۔×

**VP PM Jayalaithaa**

نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھاکرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے تمل ناڈو کی سابق وزیر اعلیٰ جے للیتا کو آج اُن کے یوم پیدائش پر یاد کیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب رادھا کرشنن نے کہاکہ محترمہ جے للیتا، ایک کرشمائی لیڈر تھیں، جنہوں نے تمل ناڈو کے سیاسی اور سماجی منظرنامے پر اَنمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔
محترمہ جے للیتا کی سفر کی ستائش کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اُن کی زندگی کا سفر زبردست استقامت اور حوصلے سے بھرپور تھا۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ تمل ناڈو کی وزیراعلیٰ کے طور پر محترمہ جے للیتا نے شمولیاتی ترقی، سماجی انصاف اور خواتین کو بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے بہبود پر مبنی حکمرانی میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔×

**Jaishankar Estonia**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اسٹونیا کے یومِ آزادی کے موقع پر اسٹونیا کے وزیر خارجہ **Margus Tsahkna** اور وہاں کے شہریوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے بھارت اور اسٹونیا کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کو دہرایا۔×

**ICC-T20 WC Cricket**

مردوں کے **ICC** ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں، گروپ-2 کے **Super Eight** میچ میں آج شام انگلینڈ کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔ یہ میچ **Pallekele** انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔
اِس سے پہلے کل شام ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے گروپ-1 کے **Super Eight** میچ میں ویسٹ انڈیز نے زمبابوے کو 107 رن سے ہرادیا۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم نے 255 رن کا ہدف رکھا، جس کے جواب میں زمبابوے کی ٹیم 17 اوور اور چار گیندوں میں 147 رن ہی بناسکی۔
اس سے قبل، ویسٹ انڈیز نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹ کھو کر 254 رن بنائے تھے۔×

☆☆☆☆☆☆